# جنابت کے احکام

<"xml encoding="UTF-8?>




جنابت کے احکام

سوال نمبر66:جنابت کي پهچاں کا طريقه کياهے؟

تمام مراجع:انسان دو چيزوں سے مجنب هوتاهے:

1- جماع ،اگرچه صرف دخول هي کيوں نه هو(اور مني باهر بهي نه آئے) عورت اور يا مردونوں ۔

مني کا بيداري يانيند کي حالت ميں ،تهوڑا يا زياده ،شهوت کے ساته يا بغير شهوت کے اختيارسےيا بے اختيار خارج هونا۔

( توضيح المسائل مراجع،مسئله345،وحيد،توضيح المسائل مسئله351؛مکارم، توضيح المسائل مسئله351؛نوري، توضيح المسائل مسئله326؛خامنه اي،اجوبة الاستفتاءات،احکام غسل جنابت۔)

سوال نمبر67:وذي،مذي،ودي،کے بارے ميں بيان فرمائيں؟

تمام مراجع:مذي اس تري و رطوبت کو کهتے هيں جو انسان کو چهيڑچهار(هنسي مذاق)کے وقت باهر آئے۔

وذي،اس تري و رطوبت کو کهتے جو کبهي مني کے بعدباهر آئے۔

وذي اس تري و رطوبت کو کهتے هيں جو پيشاب کے بعد باهر آتي هے اور تهوڑا سفيد اور چپکنےوالي هوتي هے۔

يه تمام رطوبت اس وقت پاك هوں گي جب پيشاب کي نلي ميں پيشاب اور مني نه هو۔

( توضيح المسائل مراجع، مسئله73،348،العروة الوثقيٰ،جلد1،غسل جنابت کے مستحبات مسئله2اور 3؛نوري، توضيح المسائل مسئله349؛وحيد، توضيح المسائل مسئله 74اور354؛خامنه اي صاحب کا دفتر۔)

نوٹ:پيشاب کے بعد استبراء کرنے کا فائده يه هے که اگر پيشاب کے بعد کوئي تري خارج هو جس کے بارے که پيشاب هے يا نهيں ميں شك هو تو وه پاك هوگي اور وضو بهي باطل نهيں هوگا ليکن اگر استبراء نه کيا هو تو دوباره وضو کرنا هوگا اور جگه کو بهي دهونا پڑے گا ۔اور مني کے بعد استبراء کافائده يه هے که اگر اس کے بعد کوئي رطوبت خارج هوتي هےجس کے بار ے ميں نهيں معلوم که مني هے يا پاك پاني تو غسل واجب نهيں هے ليکن اگر استبراء نه کيا هو اور يه احتمال دے که مني کے ذرات پيشاب کي نلي ميں ره گئے هوں جواب پيشاب يا دوسري رطوبت کے ساته خارج هو رهے هيں تو دوباره غسل کرنا هوگا۔